© rasailojaraid.com



# حکمتِ سیّد مودودیؒ

## اختلافات کا صحت مندانہ تعمیری اسلوب

اقتباس کردہ اختر حجازی صاحب

اس عنوان سے مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی رحمۃ اللہ علیہ کی دینی و سیاسی تحریروں کے منتخب اقتباسات پیش کرنے کا سلسلہ ترجمان القرآن میں شروع کیا جارہا ہے — تاکہ مؤسس ترجمان القرآن اور عالمی تحریکِ اسلامی کے داعی و قائد سے قارئین کا ذہنی رابطہ قائم رہے۔

(ایڈیٹر)

انسانی طبائع کا اختلاف ایک فطری چیز ہے جس سے کسی حال میں مفر نہیں۔ انسان جب تک انسان ہے اس کا اپنا ایک انفرادی مزاج، انفرادی مذاق اور انفرادی ذہن لازماً رہے گا اور یہ کبھی نہ ہو سکے گا کہ تمام انسان ہر لحاظ سے یک رنگ و ہم آہنگ ہو جائیں۔

دوسری طرف اجتماعی زندگی بسر کرنا بھی خود انسان ہی کی فطرت کا ایک ناگزیر تقاضا ہے جس سے فرار ممکن نہیں، اور یہ اجتماعیت کبھی قائم نہیں ہو سکتی جب تک کہ افرادِ انسانی کے درمیان معاملات میں تعاون خیالات میں موافقت، اغراض و مقاصد میں اشتراک، اور اختلافات میں رواداری نہ ہو۔ ایک بڑا معاشرہ تو درکنار، ایک گھر بھی بخیریت نہیں چل سکتا اگر اس میں رہنے والوں کی انفرادیت بات بات پر ایک دوسرے سے ٹکراتی رہے اور اُن کے اختلافات اُن کے درمیان موافقت کی کوئی صورت پیدا نہ ہونے دیں۔

انسانی فطرت کے یہ دو مختلف اور بڑی حد تک متضاد تقاضے ہیں اور ایک کامیاب نظامِ زندگی کی تعمیر کا سارا انحصار اس پر ہے کہ ان کے تصادم کو روکا جائے اور اُن میں مصالحت کی ایسی راہ تلاش کر لی جائے کہ یہ دونوں تقاضے ایک ساتھ پورے ہو سکیں۔ دنیا میں جہاں بھی تعمیری ترقی ہوئی ہے، اسی وقت

© rasailojaraid.com